**22-04-2024 MONDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS**

سرخیاں

(۱) وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت Tummidihatti پراجکٹ کو تعمیر کرے گی اور اس پراجکٹ کے تحت ایک لاکھ ایکر اراضی پر آبپاشی کے لئے پانی کی سربراہی کو یقینی بنایا جائے گا۔

(۲) مرکزی وزیر پیوش گوئل نے اِس یقین کا اظہار کیا ہے کہ پارلیمانی انتخابات میں بی جے پی امیدواروں کو کامیابی ملے گی۔

(۳) نئی دہلی میں واقع روز ایونیو عدالت نے دہلی شراب اسکام معاملہ میں آج بی آر ایس کی ایم ایل سی کویتا کی درخواستِ ضمانت کے لئے داخل کردہ درخواست پر اپنا فیصلہ محفوظ رکھا ہے۔

اور

(۴) سابق وزیر ہریش راؤ نے کہا ہے کہ ریاست کے عوام کے پاس کئی وجوہات کے انہیں لوک سبھا انتخابات میں کانگریس کو ووٹ کیوں نہیں دینا چاہئے۔

☆☆☆

پردیش کانگریس کمیٹی کے کارگذار صدر جئے پرکاش ریڈی نے کہا ہے کہ عوام یہ بات سمجھتے ہیں کہ راہول گاندھی ہی رام راج لا سکتے ہیں، وزیر اعظم نریندر مودی نہیں۔ حیدرآباد میں آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے جئے پرکاش ریڈی نے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ عوام راہول گاندھی کو منتخب کریں جو سماج کے تمام طبقات کا احترام کرتے ہوئے لارڈ رام کو مانتے ہیں اور دل سے سب کے لئے کام کرتے ہیں، جبکہ مودی سیاست کے لئے رام کا نام استعمال کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لارڈ رام ایک موضوع راجہ تھے جہاں عوام خوش رہتے تھے۔ لہٰذا گاندھی بھی سماج کے تمام طبقات کو خوش رکھ سکتے ہیں۔ اس بات کا ثبوت اس وقت ملا جب بھارت جوڑو یاترا اور بھارت نیائے یاترا کے دوران عوام کی سوچ تبدیل ہوئی۔ کانگریس لیڈر نے مزید کہا کہ بی جے پی کے ریاستی صدر کشن ریڈی یا بی جے پی ایم بنڈی سنجے، جئے شری رام کہے بغیر سیاست میں اپنا وجود برقرار نہیں رکھ سکتے کیونکہ ان کے پاس عوام کو دکھانے کے لئے ترقیاتی پروگرام نہیں ہیں۔

☆☆☆

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت Tummidihatti پراجکٹ کو تعمیر کرے گی اور اس پراجکٹ کے تحت ایک لاکھ ایکر اراضی پر آبپاشی کے لئے پانی کی سربراہی کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس پراجکٹ کے لئے 1800 ایکر اراضی کے حصول کے مقصد سے مہاراشٹرا کی کسان برادری کو منانے کے لئے تمام تر کوششیں کی جائیں گی۔ ریونت ریڈی کے مطابق ریاستی حکومت مذکورہ پراجکٹ کی تعمیر کے لئے مہاراشٹرا کے کسانوں کو معاوضہ ادا کرے گی۔ وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ اِس پراجکٹ کو ڈاکٹر بی آر امبیڈکر سے موسوم کیا جائے گا۔ انہوں نے عادل آباد میں منعقدہ ایک جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے اِن خیالات کا اظہار کیا جیسا کہ اس سے پہلے کانگریس کے امیدوار اے سوگنا نے آج اپنا پرچہ نامزدگی داخل کیا۔ ریونت ریڈی نے مزید کہا کہ جائزہ حاصل کرنے کے فوری بعد کانگریس حکومت نے کومٹی پراجکٹ کے کام شروع کرنے کئے اور کڑم پراجکٹ کی مرمت کے کاموں کو بھی شروع کیا گیا۔ سی ایم نے اس موقع پر بی آر ایس اور بی جے پی دونوں پارٹیوں پر الزام عائد کیا کہ وہ عادل آباد میں سی سی آئی فیکٹری کے احیاء کو نظر انداز کرتی رہی ہیں۔ سی ایم نے یہ بھی اعلان کیا کہ عادل آباد میں ایک یونیورسٹی قائم کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ 10 سال تک حکمرانی کرنے کے باوجود بی آر ایس اور بی جے پی تلنگانہ کی ترقی کو یقینی بنانے میں ناکام رہیں اور عوام کو دھوکہ دیا۔

☆☆☆

شہر حیدرآباد میں کل منگل کو نکالے جانے والے ہنومان جینتی جلوس کے پیشِ نظر سٹی ٹریفک پولیس نے اڈوائزری جاری کی ہے۔ بارہ کلومیٹر کے فاصلہ پر نکالے جانے والے اِس جلوس کا آغاز صبح کی ساڑھے گیارہ بجے گاؤلی گوڑہ رام ٹمپل سے ہوگا اور رات میں ٹینک بینڈ پر واقع ہنومان ٹمپل پر جلوس ختم ہوگا۔ عہدیداروں نے کہا ہے کہ اصل جلوس گاؤلی گوڑہ رام ٹمپل سے شروع ہوگا اور تاڑبن کے ہنومان مندر، سکندرآباد، تیلی باؤلی چوراہا، رام کوٹ، چکڑ پلی، آر ٹی سی چوراہا، کواڑی گوڑہ، اجینی مہاکالی مندر، پیراڈائز جنکشن اور امپیریل گارڈن سے گذرے گا۔ اسی طرح ایک اور جلوس کرمن گھاٹ ہنومان مندر سے

شروع ہوگا چمپا پیٹ چوراہا، سعید آباد کالونی روڈ، دل سکھ نگر، موسیٰ رام باغ جنکشن، عثمان گنج، گولکنڈہ چوراستہ اور چادر گھاٹ چوراستہ سے ہوتا ہوا کوٹھی پر اصل جلوس میں شامل ہوجائے گا۔ٹریفک پولیس نے عوام کو متبادل راستے اختیار کرنے کا مشورہ دیا ہے۔

☆☆☆

ریاست کے اضلاع عادل آباد، آصف آباد، منچریال، نرمل، نظام آباد، جگتیال، وقار آباد، سنگاریڈی، میدک اور کاماریڈی میں مختلف مقامات پر آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران گرج چمک کے ساتھ بارش کے علاوہ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا نہایت قوی امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے مرکز نے اپنی روزانہ کی رپورٹ میں کہا ہے کہ کل اور پرسوں بعض دیگر اضلاع میں بھی یہی صورتحال رہ سکتی ہے۔توقع ہے کہ آئندہ پانچ دنوں کے دوران اعظم ترین درجہ حرارت میں دو تا تین ڈگری سلسیس اضافہ درج کیا جائے گا۔گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے ایک یا دو مقامات پر بارش ہوئی جبکہ اعظم ترین درجہ حرارت کل بھدراچلم میں 42.2 ڈگری درج کیا گیا۔

☆☆☆

اسکولوں کے لئے چہارشنبہ سے پچاس دنوں پر مشتمل گرمائی تعطیلات کا آغاز ہوگا۔جیسا کہ اول تا نویں جماعت کے لئے ایس اے 2 امتحانات ختم ہوگئے ہیں۔اگلے تعلیمی سال کا آغاز بارہ جون سے ہوگا۔تعطیلات کے دوران محکمہ تعلیم کی جانب سے سرکاری اور مقامی اداروں کے اسکولوں میں بنیادی سہولتوں کو بہتر بنانے پر توجہ دی جائے گی۔اس مقصد کے علاوہ لڑکیوں کے لئے بیت الخلاؤں کی تعمیر، پینے کے پانی کی سہولت اور دیگر تزئین نو کے کاموں کے لئے گیارہ سو کروڑ روپے بجٹ مختص کیا گیا ہے۔ان کاموں کی نگرانی کے لئے ''اماں آدرش پارٹ شالہ کمیٹی'' کے نام سے ایک نئی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔

☆☆☆

نئی دہلی میں واقع روز ایونیو عدالت نے دہلی شراب اسکام معاملہ میں آج بی آر ایس کی ایم ایل سی کویتا کی درخواستِ ضمانت کے لئے داخل کردہ درخواست پر اپنا فیصلہ محفوظ رکھا ہے۔سی بی آئی نے اس معاملہ میں کویتا کے خلاف ایک کیس درج کیا ہے۔عدالت دو مئی کو اس سلسلہ میں اپنا فیصلہ سنائے گی۔مباحث کے دوران سی بی آئی کے وکیل نے عدالت سے خواہش کی کہ کویتا کے لئے ضمانت منظور نہ کی جائے کیونکہ وہ تحقیقات کے عمل پر اثر انداز ہونے کے علاوہ وہ شراب اسکام کی ایک اہم ملزم ہے۔واضح رہے کہ کویتا اس وقت نئی دہلی کی تہاڑ جیل میں قید ہیں۔

☆☆☆

انٹرمیڈیٹ پبلک امتحانات کے سال اول اور دوم کے نتائج چہارشنبہ کو جاری کئے جائیں گے۔پرنسپال سکریٹری محکمہ تعلیم و تنکنیشم اور بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن کی سکریٹری شروتی اوجھا نتائج جاری کریں گی۔طلبہ کی جانب سے حاصل کردہ نشانات انٹر بورڈ کی ویب سائٹ پر دستیاب رہیں گے۔

☆☆☆

سابق وزیر ہریش راؤ نے کہا کہ ریاستی عوام کے پاس سو وجوہات ہیں کہ انہیں لوک سبھا انتخابات میں کانگریس پارٹی کو ووٹ نہیں دینا چاہئے۔پارٹی کے حلقہ اسمبلی سنگاریڈی سے تعلق رکھنے والے اہم لیڈرس کے ساتھ میڈیا سے آج بات چیت کرتے ہوئے ہریش راؤ نے کہا کہ تلنگانہ کے عوام کانگریس کو ووٹ نہیں دیں گے کیونکہ یہ پارٹی اپنے انتخابی وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام رہی۔ہریش راؤ نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے پوچھا کہ 15 اگست تک کسانوں کے قرضہ جات سو فیصد معاف کرنے میں ناکامی پر کیا وہ مستعفی ہوجائیں گے؟ ہریش راؤ نے مزید کہا کہ ریونت ریڈی کی حکومت میں برقی سربراہی میں خلل اور کسانوں کی جدوجہد جیسے مسائل واپس آگئے ہیں۔

☆☆☆

نہرو زوالوجیکل پارک کی جانب سے عالمی یوم کرۂ ارض منایا گیا۔یہ پروگرام جنگلاتی تعلیمی پروگرام کے حصہ کے طور پر ایک ورکشاپ کے ذریعہ منعقد کیا گیا۔مشہور آرٹسٹ پنڈیا اور ان کی ٹیم نے اِس ورک شاپ کی قیادت کی جس میں شاعری اور کلے کرافٹس کے نمونے رکھے گئے تھے۔اس ورکشاپ میں پانچ ہزار افراد نے شرکت کی۔زو کے ڈائرکٹر و کیوریٹر ڈاکٹر سونیل ہیرے متھ نے ورکشاپ میں آنے والوں کو مبارکباد دی۔

☆☆☆

حلقہ پارلیمنٹ چیوڑلہ کے بی جے پی امیدوار کونڈا وشویشور ریڈی نے آج رنگاریڈی ضلع میں واقع راجندر نگر کے ایم آر او آفس میں اپنا پرچہ نامزدگی داخل کردیا۔ان کے ساتھ مرکزی وزیر پیوش گوئل، ایم پی وقومی صدر بی جے پی، او بی سی مورچہ ڈاکٹر لکشمن اور پارٹی کی سرکاری ترجمان رودرماں دیوی بھی موجود تھیں۔ پرچہ نامزدگی داخل کرنے کے بعد پیوش گوئل نے وزیراعظم مودی کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا اور انتخابات میں بی جے پی امیدواروں کی کامیابی کا یقین ظاہر کیا۔وشویشور ریڈی نے ملک کی پرعظم قیادت کے سلسلہ میں انتخابات کی اہمیت کو اجاگر کیا۔